4693 ـ ان کی جانب سے صدقہ کرنا مشروع ہے

سوال

چند برس قبل میں نے چندایک دوستوں سے ایک سوسعودی ریال لیا اوربعد میں کسی دوسری جگہ چلاگیا اوران دوستوں کو بھول چکا ہوں اوراسی طرح وہ بھی مجھے بھول چکے ہیں ، اب مجھے علم نہیں کہ وہ کہاں ہیں ، لھذا مجھے اس ایک سوریال کا کیا کرنا چاہیے جواب تک میرے کندھوں پر ہیں ، آپ مجھے اس کی تفصیل بتائیں اللہ تعالی آپ کوجزائے خیر عطا فرمائے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگر تووواقعتا معاملہ ایسا ہی ہے جیسا کہ آپ نے سوال میں ذکر کیا ہے کہ آپ ان لوگوں کوبھول چکے ہیں جن سے سو ریال لیا تھا ، تواس حالت میں آپ کے لیے ان کی جانب سے یہ سوریال صدقہ کرنا مشروع ہیں ، اورجب بھی ان میں سے کوئي ایک آپ کویاد آئے آپ اسے اس کا حق ادا کردیں ، لیکن اگر وہ آپ کواس صدقہ کی اجازت دے دیتا ہے جوآپ کرچکے ہیں توپھرجائز ہے اوراس طرح آپ اس سے بری الذمہ ہوجائیں گے اوران کے ساتھ ساتھ آپ کوبھی اجروثواب حاصل ہوگا .